# احترام انسانیّت

خطبہ کے اہم نکات۔

الخلق عیال اللہ فاحب الخلق الی اللہ من احسن الٰی عیالہ۔

دین اسلام ایک ہمہ گیر اور آفاقی مذہب ہے جسکی تعلیمات میں امن وسلامتی، اعتدال، عدل وانصاف، سچائی، دیانت داری، امانت داری، صبر و استقامت، دوسروں پر خرچ کرنے، حلال روزی، قرابت داری، اتّحاد و اتّفاق، میانہ روی، عفو و درگزر، افراط و تفریط سے اجتناب، احترام انسانیت، خیرخواہی، خوش اخلاقی، باہمی حقوق کی ادائیگی، سچّی گواہی، اللہ پر بھروسہ، پڑوسیوں کی خبرگیری، مظلوم کی دادرسی، اعلٰی ظرفی، ایک دوسرے کی جان ومال کی حفاظت دکھ درد میں دوسروں کی مدد شامل ہیں۔

ہمارا دین ہمیں باہمی اختلافات، جھگڑوں، ظلم و زیادتی، غرور و تکبّر، فتنہ انگیزی، بخل، حد سے تجاوز، گمراہی اور بے راہ روی سے اجتناب کی تلقین کرتا ہے۔

اللہ کا احترام۔

رسولؐ کا احترام

ملکی قوانین کا احترام

انسانوں کا احترام (احب للنّاس ما تحبّ لنفسک)

بڑوں اور بزرگوں کا احترام

ائمّہ دین کا احترام

خواتین کا احترام (بالخصوص بحیثیت ماں، بیٹی، بیوی، بہن، بہو)

بچوں کے ساتھ نرمی اور حسن سلوک (من لم یرحم صغیرنا ولم یوقر شرف کبیرنا فلیس منّا)